**13-04-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ سیاسی پارٹیاں اپنے امیدواروں کے لئے حمایت حاصل کرنے کی زبردست کوشش کررہی ہیں۔

2 وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے سرحد پار سے کی جانے والی کسی بھی دہشت گردانہ کارروائی کا جواب دینے کے، حکومت کے پختہ عزم کو دہرایا ہے۔

3 آج سے ملک کے مختلف حصوں میں بیساکھی، وِشو اور بوہاگ بیہو سمیت، فصل سے متعلق روایتی تہواروں کی تقریبات شروع ہورہی ہیں۔

4 امریکہ نے، ایران کی طرف سے کسی امکانی حملے کے پیش نظر، اسرائیل کے دفاع میں اپنے بحری جنگی جہاز مغربی ایشیاء روانہ کئے ہیں۔

5 اور آئی پی ایل کرکٹ میں
لکھنؤ میں ڈیلی کیپٹلس نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 6 وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**Campaigning**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی مہم اب عروج پر ہے۔ سیاسی پارٹیاں اپنے امیدواروں کے لئے حمایت حاصل کرنے کی لگاتار کوشش کررہی ہیں۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کی ممتاز شخصیتیں ، ملک کے مختلف حصوں میں بہت سی ریلیاں اور روڈ شوز کا انعقاد کررہی ہیں۔

پہلے مرحلے کے تحت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام 4 علاقوں میں 102 لوک سبھا سیٹوں اور سِکم میں 32 اسمبلی حلقوں، نیز اروناچل پردیش میں 60 اسمبلی حلقوں کے لئے، 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

وزیر اعظم اور سینئر BJP رہنما نریندر مودی نے کل راجستھان کے باڑ میر شہر اور جموں و کشمیر کے اودھمپور ضلع میں عوامی جلسے کیے۔

باڑ میر میں جناب مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت، آئین کا احترام کرتی ہے اور اِسے کسی بھی حالت میں ختم نہیں کیا جاسکتا۔ بعد میں جناب مودی نے ڈوسا لوک سبھا حلقے میں ایک روڈ شو کیا۔

سینئر کانگریس رہنما راہل گاندھی نے تمل ناڈو کے کوئمبٹور شہر میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ اُن کے ساتھ وزیر اعلیٰ اور DMK صدر ایم کے اسٹالن بھی تھے۔ کانگریس رہنما نے کہا کہ اگر پارٹی کو اقتدار حاصل ہوا تو وہ ذات کی بنیاد پر ایک قومی مردم شماری کرائے گی اور ایک اقتصادی اور اثاثہ جاتی سروے کرائے گی تاکہ لوگوں کے اصل زندگی کے حالات کا جائزہ لیا جاسکے۔ جناب راہل گاندھی آج مہاراشٹر کے، بھنڈارا۔ گوندیا لوک سبھا حلقے میں ''مہاوکاس اگھاڑی'' کے امیدوار کے لئے انتخابی ریلی کریں گے۔ پارٹی کے قومی صدر ملک ارجن کھڑگے کل ناگپور میں چھمبل چوک میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

مہاراشٹر میں لوک سبھا انتخابات پانچ مرحلوں میں کرائے جائیں گے۔ پہلے مرحلے میں پانچ حلقوں ودربھ خطے، ناگپور رام ٹیک ، بھنڈارا۔ گوندیا ، گڈچرولی-چمور اور چندرپور میں ووٹنگ کرائی جائے گی۔ کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے اور پارٹی کے سینئر رہنما بھی ، ووٹروں سے ملنے کے لئے گھر گھر جارہے ہیں۔

اتراکھنڈ میں اترپردیش کے وزیر اعلیٰ اور بی جے پی رہنما یوگی آدتیہ ناتھ، ہلدوانی میں ایک عوامی جلسے کا انعقاد کریں گے۔کانگریس رہنما پرینکا گاندھی ، رام نگر اور رڑکی میں انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گی۔

دوسری طرف بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی، ہریدوار میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گی۔ چونکہ یہ بڑی شخصیتیں چناؤ مہم میں زبردست طریقے سے سرگرم ہیں لہٰذا اتراکھنڈ میں سیاسی سرگرمیوں میں اور بھی تیزی آگئی ہے۔x

**MP Notifications Third Phase**

انتخابی کمیشن کے ذریعے لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل شروع ہوگیا۔ اس مرحلے میں 7 مئی کو 10 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام 2 علاقوں کی 94 لوک سبھا سیٹوں کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مدھیہ پردیش میں لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے نامزدگیاں داخل کرنے کے پہلے دن 7 امیدواروں نے اپنے پرچے داخل کیے۔ مدھیہ پردیش میں چار مرحلوں میں انتخابات ہو رہے ہیں۔ تیسرے مرحلے میں گوالیار، Guna، بھوپال، ودیشا، راج گڑھ، مورینا، ساگر اور بھنڈ پارلیمانی حلقوں میں پولنگ ہوگی۔

تیسرے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 19 اپریل ہے۔x

**Coimbatore Constituency Profile**

لوک سبھا انتخابات کے دوران اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظرنامے کی سیریز کے تحت آج ہم تمل ناڈو کی **coimbatore** سیٹ سے متعلق رپورٹ **T** پیش کررہے ہیں۔تمل ناڈو میں **19** اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

**Chhattigarh Voter Oath**

چھتیس گڑھ میں لوک سبھا انتخابات میں صد **100** ووٹنگ کو یقینی بنانے اور لوگوں کو ووٹ دینے کی تحریک فراہم دینے کے لیے ووٹر بیداری مہم کے تحت بہت سے اختراعی اور منفرد انداز کے پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

کل رائے پور میں ایک روز میں سات لاکھ سے زیادہ لوگوں نے ووٹ ڈالنے کا عہد کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Vikalp Shukla**

چھتیس گڑھ کے رائے پور ضلعے میں کل ایک ہی دن میں سات لاکھ سے زیادہ لوگوں نے ووٹ دینے کا حلف لے کر ایک نئی تاریخ رقم کی۔ ضلعے میں **29** محکموں اور اداروں کے لوگوں نے ووٹ ڈالنے کا حلف لیا۔

راجدھانی رائے پور میں، آفیسروں اور ملازمین نے کلکٹریٹ کے نزدیک کثیر منزلہ پارکنگ کی چھت پر بارش کے دوران ووٹ دینے کا عزم کیا۔

ووٹر بیداری مہم کے تحت تحصیل دفتروں، یونیورسٹیوں، سرکاری دفاتر، ریلویز، بینکوں، تعلیمی اداروں اور گرام پنچایتوں میں ایک ساتھ ووٹ دینے کے لیے حلف لینے کے پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

رائے پور ضلعے کے **Goinda** گرام پنچایت میں اناج، سبزیوں اور سلاد کے ذریعے **SVEEP** بناکر ووٹر بیداری کا پیغام عام کیا گیا۔

**Amit Shah**

وزیر داخلہ اور بی جے پی کے سینئر لیڈر امت شاہ آج شام اترپردیش کے نوئیڈا میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ وہ آج راجستھان کے الور میں بھی ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔**x**

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Jaishankar Pune**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے، سرحد پار سے کی جانے والی کسی بھی دہشت گردانہ کارروائی کا جواب دینے کے، حکومت کے پختہ عزم کو دہرایا ہے۔ وزیر موصوف ایک تقریب سے خطاب کررہے تھے جس کا اہتمام کل پُنے میں ''سامرتھ یُوا فاؤنڈیشن اور یُوا سوراجیہ پرتشٹھان'' نے کیا تھا۔

مرکز نے کانگریس کی قیادت والی سابقہ یو پی اے حکومت کے دوران ممبئی میں **26/11** کے دہشت گردانہ حملوں کے خلاف جوابی کارروائی کے بارے میں وزیر خارجہ نے کہا کہ جب دہشت پھیلانے والوں سے نمٹنے کی بات ہو تو کوئی ملک کسی طرح کے ضابطے اختیار نہیں کرسکتا کیونکہ دہشت پھیلانے والے لوگ، کسی طرح کے ضابطوں پر عمل نہیں کرتے۔

وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت کے تئیں بہت سے ملکوں کا رویہ، کووڈ وبا کے بعد تبدیل ہوا ہے کیونکہ بھارت نے کووڈ**19** ویکسین، **100** سے زیادہ ملکوں کو فراہم کئے تھے۔ جناب جے شنکر نے کہا کہ دنیا بھر کے لوگ اب بھارت کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ بھارت کو اقوام متحدہ کی مستقل رکنیت جلد از جلد حاصل ہوجائے گی۔
اِس تقریب میں ریاستی وزیر چندر کانت پاٹل، ممبر پارلیمنٹ میدھا گلکرنی اور دیگر شخصیتیں بھی موجود تھیں۔ **x**

**US Israel**

امریکہ نے کہا ہے کہ وہ اِن قیاس آرائیوں کے دوران اپنے جنگی جہازوں سمیت دیگر کمک، مغربی ایشیا بھیج رہا ہے کہ ایران جلد ہی اسرائیل پر ایک حملہ کرے گا۔

امریکہ کے دفاع کے محکمے کے عہدیدار کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ وہ ایران کے کسی امکانی حملے کے پیش نظر اسرائیل کے دفاع میں ، خطے میں اضافی اثاثے بھیج رہا ہے جس کا مقصد امریکی فوجوں کے لئے ، تحفظ میں اضافہ کرکے خطے کی مزاحمتی کوششوں میں اضافہ کرنا ہے۔

میڈیا کی خبروں میں بتایا گیا ہے کہ امریکہ نے طیارہ بردار بحری جہاز **USS Dwight Eisenhower** روانہ کیا ہے جو ایران کی طرف سے بحیرۂ احمر کے راستے اسرائیل کی جانب داغے جانے والے میزائلوں اور ڈرون کو تباہ کرنے کے اہل ہیں۔ایران نے اِس ماہ کی پہلی تاریخ کو دمشق میں اپنے سفارتخانے پر کئے گئے حملے کا جواب دینے کا عہد کیا ہوا ہے۔ اِس حملے میں ایران کا ایک سرکردہ جنرل اور ایرانی فوج کے **6** دیگر افسران ہلاک ہوگئے تھے جس کے بعد غزہ جنگ کی وجہ سے پہلے سے کشیدہ حالات سے دو چار خطے میں اور زیادہ کشیدگی پیدا ہوگئی تھی۔
امریکی صدر جوبائیڈن نے کل کہا تھا کہ انہیں ایسا لگتا ہے کہ ایران اسرائیل پر جلد ہی کبھی نہ کبھی حملہ کرے گا۔ صدر بائیڈن نے کہا کہ امریکہ اسرائیل کے دفاع کیلئے وقف ہے اور ایران کو کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔

اِسی دوران بھارت، فرانس، پولینڈ اور روس نے اپنے شہریوں کو خطے کا سفر کرنے سے گریز کرنے کیلئے وارننگ جاری کی ہے۔x

**Harvest Festival**

ملک کے مختلف علاقوں میں Vaisakhi، ویشو، Bishub، Bohag Bihu، Poila Boishakh، Vaishakhadi اور Puthandu کی شکل میں فصلوں کی کٹائی کے روایتی تہوار آج سے شروع ہو رہے ہیں۔

پنجاب کے لوگ اسے Vaisakhi کے نام سے پکارتے ہیں، جبکہ کیرالہ میں اس کو Vishu کے نام سے منایا جاتا ہے۔ ملک کے شمالی علاقوں میں فصلوں کی کٹائی کا تہوار ویساکھی آج پورے جوش و خروش اور بھائی چارے کے جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر کسان، خاص طور پر پنجاب اور ہریانہ میں اچھی فصل کے لیے تشکر کا اظہار کرتے ہیں اور آنے والے سال میں خوشحالی کی دعا کرتے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

**V/C Shishu Sharma**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے اس موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں ملک بھر کے کسانوں کا اُن کی سخت محنت کے لیے شکریہ ادا کیا۔

**Shillong New Straberry East**

میگھالیہ کے باغبانی فصلوں کے کسانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ریاست کے مختلف علاقوں میں اسٹرابیری مہوتسو شروع ہو گیاہے۔ اس مہوتسو کا مقصد اسٹرابیری پھلوں کی کاشت کاری اور زرعی سیاحت کو فروغ دینا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Paritosh Dixit**

کل شروع ہوا، دو روزہ اسٹرابیری مہوتسو اسٹرا بیری، پھلوں کے انتخاب، اسٹرا بیری کی کھیتوں کے گرد سائیکل ٹریکنگ، لوک گیتوں اور موسیقی کے بارے میں سیاحوں اور کسانوں کو معلومات فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ یہ مہوتسو اسٹرابیری مشروبات کی ٹیکنالوجی اور مارکیٹنگس سے متعلق معلومات بھی فراہم کرے گا۔ مہوتسو کے انعقاد کی جگہوں پر ورکشاپوں کا بھی انعقاد کی جا رہا ہے، تا کہ اسٹرابیری سے دیگر مقامی مشروبات بنانے اور روایتی پکوان تیار کرنے کے طریقوں کو اجاگر کیا جاسکے۔

Ribhoi ضلعے میں Sohlia کے مقام پر منعقدہ اسٹرابیری مہوتسو کے ایک پروگرام میں کمشنر ڈاکٹر وجے کمار نے اسٹرا بیری کی کاشت کے ساتھ سیاحت کو جوڑنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اسٹرا بیری مہوتسو کا مقصد ذریعہ معاش کے نئے مواقع پیدا کرنا اور زرعی سیاحت کو فروغ دینا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایسے پرگراموں کے تحت اسٹرا بیری کی کاشت کاری کے رقبے کو ریاست میں مزید بڑھایا جا سکتا ہے۔

**Mary Com Regkk**

چھ مرتبہ کی عالمی باکسنگ چیمپئن MC میری کوم نے پیرس اولمپکس میں بھارت کے Chef-de-mission کے اپنے رول سے استعفیٰ دے دیا۔ انڈین اولمپکس ایسوسی ایشن کے صدر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اولمپک میں تمغہ جیتنے والی باکسر اور IOA ایتھلیٹس کمیشن کی چیئرپرسن میری کوم نے ذاتی وجوہات کی بنا پر استعفیٰ دے دیا ہے۔

**IPL**

IPL کرکٹ میں، کل رات لکھنؤ میں ڈیلی کیپٹلس نے لکھنؤ سُپر جائنٹس کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کے لئے 168 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے ڈیلی کیپٹلس نے 6 وکٹ پر گیارہ گیند باقی رہتے ہوئے آسانی سے جیت حاصل کرلی۔ اِس سے پہلے لکھنؤ سُپر جائنٹس نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ لکھنؤ سُپر جائنٹس نے مقررہ 20 اوورس میں سات وکٹ پر 167 رن بنائے۔

Jake Fraser-McGurk نے 35 گیندوں میں 55 رن بنائے۔ ڈیلی کیپٹلس کی طرف سے کلدیپ یادو نے تین وکٹ حاصل کئے۔ کلدیپ یادو کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج موہالی میں شام ساڑھے سات بجے پنجاب کنگز کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔x

**CR Summer Special Tennis**

وسطی ریلوے نے گرمی کی چھٹیوں اور اِس دوران، کونکن راستے پر ریل گاڑیوں کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر 32 اضافی خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ ریل گاڑیاں لوک مانیہ تلک ٹرمنس ممبئی اور Thivim کے درمیان چلائی جائیں گی۔

خصوصی ریل گاڑیوں کے اوقات اِس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں: www.enquiry.indianrail.gov.in ۔ یہ معلومات، National Train Enquiry System App ڈاؤن لوڈ کرکے بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔

ریلوے انتظامیہ نے مسافروں سے اپیل کی ہے کہ وہ موسم گرما کے دوران اِن خصوصی ریل خدمات کا فائدہ اٹھائیں۔x

**Income Tax Muriti**

انکم ٹیکس محکمے نے وضاحت کی ہے کہ بھارت-موریشس دوہرے ٹیکس سے بچنے کے معاہدے **DTAA** پر، جس میں حال ہی میں ترمیم کی گئی ہے کسی طرح کے شکوک و شبہات، قبل از وقت ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انکم ٹیکس محکمے نے کہا ہے کہ اِس سے متعلق پروٹوکول کی، ابھی توثیق ہونی ہے اور انکم ٹیکس قانون کی **90** وِیں شِق کے تحت اِس کے بارے میں اطلاع نامہ جاری کیا جانا ہے۔

محکمے نے کہا ہے کہ جب یہ پروٹوکول لاگو ہوجائے گا تو کسی بھی طرح کے سوالوں کا جواب جیسے اور جہاں، ضروری ہوگا دیا جائے گا۔ **x**

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

کل اودھم پور میں وزیراعظم اور **BJP** کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے کہا کہ جموں و کشمیر کا ریاستی درجہ جلد بحال کیا جائے گا۔ دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور پتھر بازی اب انتخابی ایشوز نہیں ہیں۔ وزیراعظم کے اس بیان کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اپنے صفحۂ اول پر شہ سرخی بنایا ہے۔ اسی خبر کو اخبار ملاپ اور پرتاپ نے بھی پہلے صفحہ پر نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

راشٹریہ سہارا کی پہلے صفحہ کی ایک اور سرخی ہے: لوک سبھا سبھا انتخابات، عمر عبد اللہ، بارہمولہ سے ہوں گے امیدوار۔

اخبار پرتاپ کے پہلے صفحے کی ایک اہم سرخی ہے:

’’کانگریس گھروں تک پانچ نیائے 25 گارنٹی پہنچا رہی ہے۔ جے رام رمیش

اخبار نے اتراکھنڈ کے پوڑی گڑھوال پارلیمانی حلقہ میں ایک جلسۂ عام کے دوران وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے اس بیان کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ جس میں انھوں نے کہا کہ ’’دنیا نے ہندوستان کو تیزی سے بڑھتی ہوئی طاقت کے طور پر تسلیم کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ کے پہلے صفحہ کی ایک سرخی ہے: لوک سبھا کی **94** سیٹوں کے لیے نوٹیفکیشن جاری۔ تیسرے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا عمل آج سے شروع۔

اخبار ملاپ نے ایشیائی ترقیاتی آوٹ لُک کے اپریل کے ایڈیشن میں جاری ایک رپورٹ سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس کی سرخی ہے: ایشیائی ترقیاتی بینک نے ہندوستان کی شرح نمو**7** فیصد تک بڑھادی۔ مضبوط نمو عوامی اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری اور صارفین کی طلب میں بہتری کے ذریعہ یہ ممکن۔ **ADB**

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناوٗ مہم زوروں پر ہے۔ سیاسی پارٹیاں اپنے امیدواروں کے لئے حمایت حاصل کرنے کی زبردست کوشش کررہی ہیں۔

2 وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے سرحد پار سے کی جانے والی کسی بھی دہشت گردانہ کارروائی کا جواب دینے کے، حکومت کے پختہ عزم کو دہرایا ہے۔

3 آج سے ملک کے مختلف حصوں میں بیساکھی، وِشو اور بوہاگ بیہو سمیت، فصل سے متعلق روایتی تہواروں کی تقریبات شروع ہورہی ہیں۔

4 امریکہ نے، ایران کی طرف سے کسی امکانی حملے کے پیش نظر، اسرائیل کے دفاع میں اپنے بحری جنگی جہاز مغربی ایشیاء روانہ کئے ہیں۔

5 اور آئی پی ایل کرکٹ میں
لکھنوٗ میں ڈیلی کیپٹلس نے لکھنوٗ سپر جائنٹس کو **6** وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------------